# 07-06-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندرمودی نے آج آفریقی یونین کی سی ڈی آر آئی میں شمولیت پر مسرت کا اظہار کیا ہے۔

۲۔ریاست بھرمیں عیدالاضحیٰ روایتی جوش وخروش کے ساتھ منائی گئی۔عیدگاہ میر عالم پر بڑااجتماع۔

۳۔جی ایچ ایم سی نے حیدرآباد میں تین فلائی اووس اور ایک انڈر پاس تعمیر کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔

۴۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ آندھراپردیش حکومت کی جانب سے بنکا چرلہ پراجکٹ پر دیئے گئے ڈی پی آر کا مرکزی حکومت نے ہنوز جائزہ نہیں لیا ہے۔

۵۔ وزیر زراعت ٹی ناگیشور راؤ نے کالیشورم کمیشن کے سامنے جھوٹے بیانات دینے کا بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ ای راجندر پرالزام لگایا۔

## BHADRADRI KOTAGUDAM

رکن اسمبلی ساما شیوار او نے قطب اللہ پور حلقہ کی ترقی کیلئے فنڈس منظور کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف ترقیاتی کاموں کو انجام دینے کی ریاستی حکومت سے خواہش کی ہے۔ملک میں سب سے پہلی ارتھ سائنس یونیورسٹی کے پالونچہ میں قیام کیلئے منصوبے تیار کئے جارہے ہیں اور ساتھ ہی 200 کروڑ روپئے کے بجٹ سے ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے گا جس سے ضلع میں روزگار کے مواقع میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ سیتاراما پراجکٹ کے ذریعہ 54 ہزار ایکڑ اراضیات کو سیراب کیا جائے گا۔

## NIRMAL DIST

نرمل ضلع کلکٹر ابھیلاشا بھشٹ نے کہا ہے کہ ضلع میں خستہ حال عمارتوں کو منہدم کرنے کے اقدامات کئے جائیں گے۔انہوں نے ضلع کے انترنی گاوں میں بارش کی وجہ سے منہدم اسکول کی عمارت کا معائنہ کیا۔انہوں نے کہا کہ اس واقعہ میں دوطلبہ زخمی ہوئے ہیں جن کو دواخانہ منتقل کیا گیا ہے جہاں ان کا بہتر علاج کیا جارہا ہے۔انہوں نے وضاحت کی ہے کہ ایسے واقعات کے اعادہ سے روکنے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ضلع کے بیشتر اسکولس کی خستہ حال عمارتوں کو منہدم کرنے کیلئے ضرورت پڑنے پر محکمہ عمارات وشوارع سے ضروری دستاویزات حاصل کئے جائیں گے۔

## RAJANNA SIRSILLA

ایس پی راجنا سرسلہ ضلع مہیش بی گیتا نے کہا ہے کہ ہر شہری کو سڑک حادثات کی روک تھام کا کام سماجی ذمہ داری کے طور پر لینا چاہیئے۔انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں چلائی گئی حالت نشہ میں گاڑیاں چلانے والوں کے خلاف مہم کے دوران 46 افراد پکڑے گئے اور 31 کو جیل کی سزا کے ساتھ ساتھ جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ حالت نشہ میں گاڑیاں چلانے والوں کی سزا کو یقینی بنایا جائے گا۔اس سے مستقبل میں ان کو ملازمت اور ملازمتوں کے مواقع کیلئے مشکلات ہوں گی۔

## YADADRI BHONGIR DIST

یادادری بھونگیر ضلع کے آلیر سرکاری آئی ٹی آئی کالج میں داخلوں کے لئے درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔پرنسپل ہری کرشنا نے یہ بات بتائی۔دسویں جماعت کی تکمیل کرنے والے اصل اسناد کے ساتھ iti.telangana.gov.in پر اس ماہ کی 21 تاریخ تک درخواستیں داخل کر سکتے ہیں۔

## KAGAZNAGAR TRAINS CANCELLED

بیلم پلی۔رے چینا روٹ کے درمیان تیسری لائن کی تعمیر کے سبب کاغذنگر آنے والی بعض ٹرینوں کو اس ماہ کی 20 تاریخ تک منسوخ کر دیا گیا ہے۔کاغذنگر کمرشیل انسپکٹر کیلاش نے یہ بات بتائی۔سکندرآباد۔کاغذنگر کے درمیان چلائی جانے والی بھاگیہ نگرا یکسپریس ،انٹرسٹی ، کریم نگر۔سرپور پشپال ، بھدراچلم ۔سرپور رام گری ایکسپریس ٹرین کو عارضی طور پر منسوخ کر دیا گیا ہے۔

## HYD FLY OVERS

جی ایچ ایم سی نے ایچ سٹی پراجکٹ کے تحت 360 کروڑ روپئے کے صرفہ سے حیدرآباد میں تین ایسے مقامات پر فلائی اوورس اور ایک انڈر پاس تعمیر کرنے کا منصوبہ تیار کیا ہے جہاں پر ٹریفک زیادہ ہے۔بنجارا ہلز روڈ نمبر 3 پر LEELA HOTEL لیلا ہوٹل انٹرسکشن پر فلائی اوور، پنجہ گٹہ ناگرجنا ساگر پر 210 کروڑ روپئے کے صرفہ سے فلائی اوور کی تعمیر عمل میں لائی جائے گی جبکہ رسول پورہ کے این ٹی آر چوراہا پر فلائی اوور تعمیر کیا جائے گا جو بیگم پیٹ مین روڈ کو منسٹرس روڈ سے جوڑے گا۔یہ فلائی اوور 150 کروڑ روپئے کے صرفہ سے تعمیر کیا جائے گا۔جی ایچ ایم سی نے اپنے بیان میں کہا کہ حصول اراضی کے عمل کے بعد ٹنڈرس اس خصوص میں طلب کئے جائیں گے۔

NALGONDA DIST-SAGAR

ناگرجنا ساگر پراجکٹ کے کرسٹ گیٹس کی مرمت کے کام تیز رفتار سے جاری ہیں۔ یہ کام ریز روائر اتھاریٹی کی جانب سے انجام دیئے جارہے ہیں۔ان گیٹس کو گریز لگانے ،ربر کی سیلنگ اوردوسرے کام کئے جارہے ہیں۔گیٹس کوکنٹرول کرنے والی موٹرس کا معائنہ کیاجارہا ہے اوراس کام کی نگرانی کی جارہی ہے۔اگزیکٹیوانجینئر ملک ارجن راوجومرمت کے کاموں کی نگرانی کررہے ہیں نے آل انڈیاریڈیوکوبتایاکہ مرمت کے کام اس ماہ کی 15 تا20 تاریخ کومکمل کرلئے جائیں گے۔

HARISH RAO

سابق ریاستی وزیروبی آرایس لیڈر ہریش راو نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی کے قائدین یہ غیرضروری الزامات لگارہے ہیں کہ میڈی گڈہ بیاریج کے دوستون منہدم ہوگئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر دوستوں گرجائیں گے تو مکمل کالیشورم پراجکٹ منہدم ہوجائے گا۔انہوں نے تلنگانہ بھون میں کالیشورم پراجکٹ پر پاورپوائنٹ پریزنٹیشن پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ جملہ 20.33 لاکھ ایکڑاراضی کوپانی کی اس پراجکٹ کے ذریعہ سربراہی عمل میں لائی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس پراجکٹ کے لئے مہاراشٹراحکومت سے بات چیت کی گئی جس نے اس پراجکٹ پرکوئی اعتراض نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ کالیشورم پراجکٹ کےسبب ربیع کے سیزن میں فصلیں تیار کی گئیں۔سات ذرائع کے ذریعہ پانی کی دستیابی کویقینی بنایا گیا۔انہوں نے کہا کہ ہزاروں تالابوں کواس پراجکٹ کے ذریعہ پُرکیاجاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ میڈی گڈہ سے لےکرملناساگرتک کی تمام تعمیرات کا موجودہ طورپراستعمال کیاجارہاہے۔کالیشورم پراجکٹ کی نہرسے 90 ہزارایکڑاراضی کوسیراب کیاجارہاہے۔

TUMMALA NAGESHWAR RAO

وزیرزراعت ٹی ناگیشورراؤ نے کالیشورم کمیشن کے سامنے جھوٹے بیانات دینے کابی جے پی کے رکن پارلیمنٹ ای راجندرپرالزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ کمیشن کوجوجوابات دئے گئے وہ حقائق سے کافی دورتھے۔ وزیرموصوف نے واضح کیا کہ جس ذیلی کمیٹی کاانہوں نے ذکرکیاہے اُس کی تشکیل کالیشورم پراجکٹ کیلئےعمل میں نہیں آئی ہے بلکہ یہ کمیٹی میڈی گڈہ پراجکٹ کیلئےتشکیل دی گئی تھی۔انہوں نے کہا کہ زیرالتوائپراجکٹ کے لئے سب کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ آندھرا پردیش حکومت کی جانب سے بنکا چرلہ پراجکٹ پر دیئے گئے ڈی پی آر کا مرکزی حکومت نے ہنوز جائزہ نہیں لیا ہے۔انہوں نے واضح کرتے ہوئے کہا کہ اس مسئلہ پر مرکزی حکومت کی جانب سے فیصلہ نہیں کیا گیا ہے تاہم تلنگانہ حکومت نے مرکزی حکومت کی جانب سے کئے جارہے تبصرے مناسب نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ بنکا چرلہ کے معاملہ پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو چاہئے کہ وہ مرکز کو ایک اور مکتوب اپنے دلائل کے ساتھ لکھے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت اِس مسئلہ پر غیر جانبداری کام کرتے ہوئے قابل قبول حل نکالے گی۔

Auto Rickshaws

حیدرآباد میں 65 ہزار نئے آٹوز کو منظوری دی گئی ہے۔ان میں 20 ہزار الکٹرک،10 ہزار ایل پی جی اور 10 ہزار سی این جی یا آٹوز ہیں۔حکومت نے مزید 25 ہزار آٹوز کے انجنس کو الکٹرک، سی این جی اور ایل پی جی میں تبدیل کرنے کی بھی اجازت دے دی ہے۔

Eid

تلنگانہ ریاست اور دارالحکومت حیدرآباد میں عید الاضحیٰ، اسلامی عقیدے کی عظیم علامت اور قربانی کے جذبے کی یادگار، روایتی جوش وخروش، دینی احترام اور مذہبی جذبے کے ساتھ منائی گئی۔صبح سویرے شہر کے مختلف علاقوں میں لاکھوں فرزندانِ توحید نے کھلے میدانوں، عیدگاہوں اور مساجد میں نمازِ عید ادا کی۔عید کی سب سے بڑی نماز تاریخی عیدگاہ میر عالم میں منعقد ہوئی جہاں شہر و اطراف سے ہزاروں کی تعداد میں مسلمانوں نے شرکت کی۔ ریاستی وزراء، سیاسی قائدین اور مختلف شعبہ ہائے حیات کی ممتاز شخصیات نے بھی نماز میں شرکت کی اور عوام کو عید کی مبارکباد دی۔نماز کے بعد خطبے میں علمائے کرام نے حضرت ابراہیمؑ کی قربانی، صبر و وفا اور اطاعتِ الٰہی کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔نمازِ عید کے بعد قربانی کا سلسلہ شروع ہوا، جو دن بھر جاری رہا۔شہریوں نے جانوروں کی قربانی کے ذریعے ایثار و قربانی کے جذبے کو عملی شکل دی اور غرباء، مساکین و یتامیٰ میں گوشت تقسیم کیا۔شہروں اور دیہاتوں میں خصوصی صفائی انتظامات کئے گئے تاکہ قربانی کے بعد گندگی نہ پھیلے۔جی ایچ ایم سی عملے نے خصوصی

ٹیمیں تعینات کیں جو وقفے وقفے سے علاقوں میں صفائی میں مصروف رہیں۔ بازاروں، گلیوں اور گھروں میں خوشیوں کی لہر دوڑ گئی۔ خواتین نے صبح سویرے گھروں کو سجایا، میٹھے پکوان تیار کیے اور عید کی مخصوص روایت، سیویاں، حلیم اور دیگر ذائقہ دار کھانوں سے مہمانوں کی تواضع کی گئی۔ بچوں میں نئے کپڑوں، عیدی اور کھیل کود کا خاص جوش دیکھا گیا۔ حیدرآباد کے چار مینار، مکہ مسجد، شاہ علی بندہ، خلوت، تولی چوکی اور ملک پیٹ جیسے علاقوں میں عید کا رنگ دیدنی تھا۔ سڑکوں پر لوگوں کی گہما گہمی، مٹھائی کی دکانوں پر رش اور قربانی کے جانوروں کی خرید و فروخت نے عید کی پر رونق فضا کو مزید خوبصورت بنا دیا۔ پولیس اور انتظامیہ کی جانب سے سیکورٹی کے مؤثر انتظامات کیے گئے تاکہ امن وامان کی فضا قائم رہے۔ وزیراعلیٰ، گورنر اور دیگر سیاسی قائدین نے عوام کو عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے امن، بھائی چارے اور خیرسگالی کے فروغ کی خواہش ظاہر کی۔ عیدالاضحیٰ کے اس پر مسرت موقع پر حیدرآباد کی گنگا جمنی تہذیب کی ایک بار پھر جھلک دکھائی دی، جب غیر مسلم برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے اپنے مسلمان دوستوں اور پڑوسیوں کو عید کی مبارکباد دی اور مٹھائیاں تقسیم کیں۔

bakrid district

اس موقع پر مانا کنڈور کے ایم ایل اے ڈی ستیہ نارائنہ نے کریم نگر کے مانا کنڈور کی عیدگاہ میں مسلمانوں کے ساتھ نمازِ عید ادا کی۔ انہوں نے کہا کہ بقرعید کا تہوار قربانی کی علامت ہے۔ نرمل میں بھی خشوع وخضوع کے ساتھ بقرعید منائی گئی۔ عیدگاہوں میں خصوصی عبادات کا اہتمام کیا گیا۔ ہنمکنڈہ ورنگل اور قاضی پیٹ میں بھی نماز عید کا اہتمام کیا گیا۔ محبوب ضلع مستقر میں بھی خشوع وخضوع کے ساتھ عید منائی گئی۔

Eid Wishes

سید مجتبیٰ عابدی صدرنشین اردو کونسل اور میر سیف علی عابدی نے عید کے موقع پر برادرانِ وطن کو مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ ان دونوں نے فلسطینی بھائیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے فلسطینی بھائیوں کی حفاظت اور مدد کی دعا کی۔

PM - CDRI

وزیراعظم نریندرمودی نے آج آفریقی یونین کی سی ڈی آر آئی میں شمولیت پر مسرت کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے ویڈیو پیام کے ذریعہ Disaster Resilient انفرااسٹرکچر 2025ء پر بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے قابل عمل پروگراموں کوڈیزائن کرنے اوراس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زوردیا کہ ترقی پذیر ممالک کو مالیات تک رسائی حاصل ہو۔ انہوں نے زوردیتے ہوئے کہا کہ چھوٹے جزیرہ نما ترقی پذیرممالک کو بڑے سمندرممالک کے طور پر خاص توجہ دینی چاہئے کیونکہ وہ قدرتی آفات کے سلسلہ میں زیادہ غیرمحفوظ ہوتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ابتدائی وارننگ سسٹم اور موثر رابطہ کومضبوط بنانے نہایت اہم ہے کیونکہ اس سے بروقت فیصلے اورآخری سطح تک موثر رابطہ ممکن ہے۔انہوں نے امید ظاہرکی کہ اس کانفرنس میں ان نکات پرضرور غورکیا جائے گا۔انہوں نے فرانس کےصدر مائیکرون کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس سلسلہ میں تعاون فراہم کیا ہے۔ یہ کانفرنس پہلی مرتبہ فرانس میں ہورہی ہے۔

Sound Byte

☆☆☆